# الیکشن کمیشن آف پاکستان

## Media Coordination and Outreach Wing

### پریس ریلیز

مورخہ 30مارچ 2022

چیف الیکشن کمشنر آف پاکستان جناب سکندر سلطان راجہ صاحب نے سیکرٹریٹ اسلام آباد میں خیبر پختونخوا بلدیاتی انتخابات (دوسرے مرحلہ) کے لئے قائم کردہ مرکزی کنٹرول روم کا دورہ کیا اور اس کے انتظامات کو تسلی بخش قرار دیا اور ساتھ ہی انہوں نے ہدایات جاری کیں کہ کنٹرول روم 3 شفٹوں میں مسلسل نتائج کے آنے تک 24 گھنٹے کام کرتا رہے گا۔اور ہر شفٹ کا انچارج گریڈ 20 کا ایک سینئر افسر ہوگا تاکہ 31 مارچ کو ہونے والے بلدیاتی الیکشن کے سلسلے میں کسی بھی طرح کی شکایت کا ازالہ کیا جاسکے اور کسی بھی کوتاہی پر فوری ایکشن لیا جا سکے ۔آج چیف الیکشن کمشنر نے بلدیاتی انتخابات دوسرے مرحلے کے 18 اضلاع کے ڈپٹی کمشنرز، ڈسٹرکٹ پولیس آفیسرز اور ڈسٹرکٹ ریٹرننگ آفیسرز سے فون پر ذاتی طور پر بات کی۔ اور ان پر زور دیا کہ ہر صورت الیکشن کو صاف، شفاف غیر جانبدارانہ اور پرامن کروانے کو یقینی بنائیں اور ہدایت کی کہ الیکشن کی شفافیت پر کوئی سمجھوتہ نہ کیا جائے۔ بلدیاتی الیکشن میں کسی قسم کی مداخلت ناقابل برداشت ہوگی۔ چیف الیکشن کمشنر نے ضابطہ اخلاق پر مکمل عمل درآمد اور پولنگ سٹاف کو تحفظ فراہم کرنے کی بھی خصوصی ہدایات جاری کیں۔ ڈسٹرکٹ ریٹرننگ افسران کو یہ ہدایات بھی جاری کی گئیں کہ اگر کوئی الیکشن سٹاف کسی طور بھی الیکشن میں جانبداری کا مظاہرہ کرے تو اس کے خلاف فوری طور پر قانونی ایکشن لیا جائے اور کسی بھی امیدوار اور اس کے حامیوں کو پرامن انتخابات کا ماحول خراب کرنے کی اجازت ہرگز نہ دی جائے۔ کسی بھی قانون شکنی کی صورت میں ملوث عناصر کے خلاف آئین و قانون کے تحت فوری کارروائی کی جائے۔

واضح رہے کہ 31 مارچ 2022 کو خیبر پختونخوا کے 18 اضلاع ایبٹ آباد، مانسہرہ، بٹگرام، تورغر، کوہستان اپر، کوہستان لوئر، کولئی پالس کوہستان، سوات، مالاکنڈ، شانگلہ، لوئر دیر، اپر دیر، چترال اپر، چترال لوئر، کرم، اور کرزئی، شمالی وزیرستان اور جنوبی وزیرستان میں بلدیاتی انتخابات کے دوسرے مرحلے کے الیکشن ہو رہے ہیں۔

مزید برآں کسی بھی شکایت کی صورت میں الیکشن کمیشن اسلام آباد سیکرٹریٹ میں قائم مرکزی کنٹرول روم کے نمبرز 3-051-9204402 اور فیکس نمبر 051-9204404 پر رابطہ کیا جائے۔